فوری ریلیز کے لیے: 22/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے جانوروں کی پناہ گاہوں میں بہتریوں کے لیے $10 ملین کی معاونت کا اعلان کیا

اس فنڈنگ سے تعمیرات، تزئین و آرائش اور توسیعی منصوبوں کی معاونت ہوگی جن سے نیو یارک میں جانوروں کی پناہ گاہوں میں جانوروں کی دیکھ بھال اور صحت میں بہتری آئے گی

2017 سے ریاست کے کمپینین اینیمل کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ کے لیے $48 ملین سے زیادہ مختص کیے گئے

2026-27 کا بجٹ پروگرام کے اگلے راؤنڈ کے لیے فنڈنگ جاری رکھتا ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ نیو یارک اسٹیٹ کمپینین اینیمل کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ (New York State Companion Animal Capital Projects Fund) کے آٹھویں راؤنڈ کے ذریعے ریاست بھر کی 31 جانوروں کی نگہداشت کی تنظیموں کو تقریباً $10 ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں، یہ ملک کا پہلا ریاستی پروگرام ہے جو جانوروں کی پناہ گاہوں کے کیپیٹل پروجیکٹس کے لیے فنڈنگ فراہم کرتا ہے۔ یہ فنڈنگ تعمیراتی، تزئین و آرائش اور توسیعی پروجیکٹس کی معاونت کرے گی جو جانوروں کی نگہداشت اور صحت کو بہتر بنائیں گے اور نیو یارک کے کتوں اور بلیوں کے لیے گود لیے جانے کو یقینی بنانے میں مدد دیں گے، جس میں $1 ملین خاص طور پر کم سہولت یافتہ علاقوں میں میونسپلٹیز کے ساتھ معاہدے کے تحت نہ آنے والی پناہ گاہی تنظیموں کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ یہ گورنر Hochul (ہوکل) کے پناہ گاہوں میں موجود کتوں اور بلیوں کے لیے گود لیے جانے کا انتظار کرنے کے دوران محفوظ رہائش اور دیکھ بھال کے عزم پر استوار ہے۔

"بلیوں اور کتوں سے لے کر خرگوش، گنی پگز اور دیگر چھوٹے جانوروں تک، پالتو جانور فیملی ہوتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ان میں سے بہت سے انتہائی پیارے ساتھی جانور اپنے سفر کا آغاز جانوروں کی کسی پناہ گاہ یا ہیومن سوسائٹی سے کرتے ہیں، اس لیے مجھے نیو یارک کے تاریخی کمپینین اینیمل کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ کے ذریعے ان ضروری تنظیموں کی معاونت جاری رکھنے پر فخر ہے۔ آج ایوارڈ کی گئی یہ فنڈنگ حقیقی فرق پیدا کرنے والی ہے، جس سے ان اہم فیسلٹیز کو وہ ٹولز فراہم کرنے میں مدد ملے گی جن کی انہیں ہمارے پیارے دوستوں کو محفوظ اور اچھی طرح نگہداشت میں رکھنے کے لیے ضرورت ہے، جب تک کہ وہ اپنی نئی فیملیز سے ملنے کا انتظار کر رہے ہیں۔"

محکمہ زراعت و مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets) کے زیر انتظام کمپینین اینیمل کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ پروگرام کے 2017 میں آغاز کے بعد سے، ریاست نے اس پروگرام کے لیے $48 ملین سے زیادہ مختص کیے ہیں۔ مجموعی طور پر، اب تک نیو یارک بھر میں 150 پروجیکٹس کو ایوارڈ دیے جا چکے ہیں۔ یہ فنڈنگ کتوں کے کینلز کی تزئین و آرائش، طبی فیسلٹیز کو بہتر بنانے، یا مجموعی آپریشنل اخراجات کم کرنے کے لیے زیادہ مؤثر پناہ گاہیں تعمیر کرنے سے وابستہ اخراجات پورے کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس سال فنڈز کیے گئے پروجیکٹس میں کتوں اور بلیوں کے رہنے کی جگہوں کی اپ ڈیٹ، HVAC اور ہیٹنگ کے نظاموں میں بہتری، طبی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لیے سہولیات میں توسیع نیز بنیادی ڈھانچے کی اضافی اپ ڈیٹس شامل ہیں۔

ضرورت کے ایک جائزے، پروجیکٹ کی تفصیلی وضاحت، اور خرچ کی معقولیت کی بنیاد پر پناہ گاہوں کو مسابقتی گرانٹس نوازی گئی ہیں۔ درج ذیل تنظیمیں پروگرام کے اس راؤنڈ میں دستیاب زیادہ سے زیادہ-ایوارڈ حاصل کر رہی

ہیں۔ ایوارڈ حاصل کرنے والی تمام 31 تنظیموں کی مکمل فہرست اور فنڈ کیے گئے پروجیکٹس کی مختصر تفصیل یہاں دستیاب ہے۔

- **اینیمل کائنڈ (Animal Kind)، کولمبیا کاؤنٹی*** – بجلی، پلمبنگ اور HVAC سسٹمز کو اپ گریڈ کرنے اور بلیوں کے لیے نیا بنیادی ڈھانچہ نصب کرنے کے لیے $500,000۔
- **چوٹوقوا کاؤنٹی ہیومن سوسائٹی (Chautauqua County Humane Society)، چوٹوقوا کاؤنٹی** – صفائی ستھرائی کو بہتر بنانے اور دیواروں اور فرشوں کو اپ گریڈ کرنے کے لیے $500,000۔
- **سٹی آف نیوبرگ (City of Newburgh)، اورنج کاؤنٹی** – نئی پناہ گاہ کی تعمیر کے لیے $500,000۔
- **فلٹن کاؤنٹی SPCA (City of Newburgh)، فلٹن کاؤنٹی*** – بجلی اور لائٹنگ کو بہتر بنانے، آگ سے تحفظ نصب کرنے اور نیا لانڈری ایریا اور کتوں کے نئے کینلز تعمیر کرنے کے لیے $500,000۔
- **ہیپی لائف اینیمل ریسکیو (Happy Life Animal Rescue)، ڈچس کاؤنٹی** – صفائی ستھرائی میں بہتریوں، جانوروں کی رہائش گاہوں کی اپ گریڈیشنز اور وینٹیلیشن میں بہتریوں کے لیے $500,000۔
- **جیفرسن کاؤنٹی SPCA (Jefferson County SPCA)، جیفرسن کاؤنٹی** – نئے کینلز اور افزودگی کا سامان شامل کرنے، اور انسولیشن، HVAC سسٹم اور فرش نصب کرنے کے لیے $500,000۔
- **ناردرن چوٹوقوا کینائن ریسکیو (Northern Chautauqua Canine Rescue)، چوٹوقوا کاؤنٹی** – نئی پناہ گاہ کی تعمیر کے لیے $500,000۔
- **اونٹاریو کاؤنٹی، اونٹاریو کاؤنٹی** – موجودہ فیسلٹی کو بہتر بنانے اور توسیع دینے کے لیے $500,000۔
- **اورلینز کاؤنٹی، اورلینز کاؤنٹی** – کینلز کی تنصیب، اپ گریڈ شدہ فینسنگ اور HVAC سسٹمز، ساختی مرمتوں اور نکاسی آب میں بہتریوں کے لیے $500,000۔
- **سینٹ لارنس ویلی SPCA (St. Lawrence Valley SPCA)، سینٹ لارنس کاؤنٹی** – کینلز اور فرش کو اپ گریڈ کرنے، ساؤنڈ پروفنگ سسٹم نصب کرنے اور دفتر کو ری ماڈل کرنے کے لیے $500,000۔
- **ٹاؤن آف ہیمپسٹیڈ، نساؤ کاؤنٹی** – نئے کینائن میڈیکل سویٹ، کینلز کی تنصیب، ساؤنڈ پروفنگ سسٹم اور HVAC، پلمبنگ اور نکاسی آب کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے $500,000۔
- **وانڈررز ریسٹ (Wanderers Rest)، میڈیسن کاؤنٹی** – گیس اور بجلی کے اپ گریڈز اور نئے ہیٹ پمپ اور وینٹیلیشن سسٹمز کی تنصیب کے لیے $500,000۔

*یہ پناہ گاہی تنظیمیں میونسپلٹیز کے زیر معاہدہ نہیں ہیں۔

ریاستی کمیشنر برائے زراعت Richard A. Ball (رچرڈ اے بال) نے کہا، "جانوروں کی پناہ گاہیں اور ہیومن سوسائٹیز ہماری کمیونٹی کے لیے بیش قیمت تنظیمیں ہیں جو ریاست بھر میں گود لیے جانے کے منتظر جانوروں کو عارضی رہائش، ضروری طبی نگہداشت، روزمرہ افزودگی کی سرگرمیاں اور بہت کچھ فراہم کرتی ہیں۔ اب فنڈنگ کے اپنے آٹھویں راؤنڈ میں، کمپینین اینیمل کیپیٹل پروجیکٹس پروگرام نے ان تنظیموں پر حقیقی، مثبت اثر ڈالا ہے اور مجھے یہ اچھا کام جاری دیکھ کر فخر ہے۔"

ریاست نیو یارک اینیمل پروٹیکشن فیڈریشن (New York State Animal Protection Federation) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Libby Post (لیبی پوسٹ) نے کہا، "ایک بار پھر، ریاست نیو یارک کی قیادت نے کمپینین اینیمل کیپیٹل فنڈ کے ذریعے بے گھر ساتھی جانوروں کی صحت اور بہبود کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا ہے۔ یہ گرانٹس ریاست کی جانب سے اب تک فراہم کی گئی سب سے زیادہ اہم فنڈنگ ہیں اور ریاست بھر کی پناہ گاہوں کو اپنی فیسلٹیز بہتر بنانے اور ساتھ ہی کمپینین اینیمل کیئر اسٹینڈرڈز ایکٹ (Companion Animal Care Standards Act) کے تقاضوں کو پورا کرنے میں مدد دیں گی۔ فیڈریشن گورنر Hochul (ہوکل)، سینیٹ کی اکثریتی لیڈر Andrea Stewart-Cousins (اینڈریا اسٹیورٹ کزنز)، اسمبلی اسپیکر Carl Heastie (کارل ہیسٹی)، اپنے اپنے ایوان کی متعلقہ زرعی کمیٹیز کی چیئرز، سینیٹر Michelle Hinchey (مشیل ہنچی) اور رکن اسمبلی Donna Lupardo (ڈونا لوپارڈو)، اور ہر ایوان میں ہمارے چیمپینز، سینیٹر Joe Addabbo (جو ایڈابو) اور رکن اسمبلی

Deborah Glick (ڈیبرا گلک) کی قیادت کے لیے بے حد شکر گزار ہے۔ ریاست نیو یارک ملک کی واحد ریاست ہے جس کے پاس اس نوعیت کا کیپیٹل پروگرام موجود ہے۔ ان کے عزم نے اسے ممکن بنایا۔"

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey (مشیل ہنچی) نے کہا، "کمپینین اینیمل کیپیٹل فنڈ ہماری مقامی جانوروں کی پناہ گاہوں اور ریسکیوز کے لیے شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے جو فیسلٹیز کو جدید بنانے اور یہ یقینی بنانے میں مدد کے لیے اہم گرانٹ معاونت فراہم کرتا ہے کہ ان کی نگہداشت میں موجود جانوروں کو محبت بھرے گھروں میں گود لیے جانے کے انتظار کے دوران بہترین ممکنہ ماحول میسر ہو۔ مجھے ہمیشہ اس پروگرام کے لیے فنڈنگ حاصل کرنے پر فخر ہوتا ہے اور میں اس تازہ ترین راؤنڈ میں تمام ایوارڈ یافتگان کو ان کے غیر معمولی کام کے لیے مبارکباد دیتی ہوں جو وہ ہماری ریاست بھر کی کمیونٹیز میں کرتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Donna Lupardo (ڈونا لوپارڈو) نے کہا، "2017 سے، کمپینین اینیمل کیپیٹل فنڈ نے 150 پروجیکٹس کو فنڈ کیا ہے، جس سے ریاست بھر کی پناہ گاہوں میں انتہائی ضروری بہتریاں کی گئی ہیں۔ مجھے بے حد خوشی ہے کہ ہم فنڈنگ کے اس تازہ ترین راؤنڈ میں مزید 31 پناہ گاہوں کی معاونت کرنے کے قابل ہیں۔ جانوروں کی نگہداشت کے اس اہم کام کے لیے، جو وہ ان کے ہمیشہ کے گھروں کے انتظار کے دوران کرتے ہیں، ہم ان کا جتنا بھی شکریہ ادا کریں کم ہے۔ میں نے بذات خود دیکھا ہے کہ یہ فنڈز کتنی اچھی طرح سے استعمال کیے گئے ہیں اور ان وسائل کی کتنی ضرورت ہے۔"

محکمہ زراعت و مارکیٹس کا ڈویژن آف اینیمل انڈسٹری (The Department of Agriculture and Markets Division of Animal Industry)، جو کمپینین اینیمل کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ کا انتظام کرتا ہے، کتوں کی لائسنسنگ کو ریگولیٹ کرتا ہے، ضبط شدہ کتوں کی انسانی نگہداشت اور میونسپل پناہ گاہوں کے معائنے کے معیارات مقرر کرتا ہے، پیٹ ڈیلر انسپیکشن پروگرام کا (Pet Dealer Inspection Program) انتظام کرتا ہے اور نیو یارک اسٹیٹ اینیمل پاپولیشن کنٹرول پروگرام کے (Animal Population Control Program) کنٹریکٹ کی نگرانی کرتا ہے۔ یہ ڈویژن مختلف سرکاری و نجی ایجنسیز کے ساتھ ریگولیٹری اور کوآپریٹیو تعلیمی کوششوں کے ذریعے پائیدار اینیمل پروڈکشن زراعت اور جانوروں سے حاصل ہونے والی غذائی سپلائی کی حفاظت کو بھی فروغ دیتا ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں